سوال

(891)زید کسی بزرگ کی قبر پر جا کر یہ التجا کرتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کسی بزرگ کی قبر پر جا کر یہ التجا کرتا ہے کہ یا حضرت آپ رب کریم سے دعا فرما دیں گے، رب العالمین مجھ کو اولاد عطا فرمائے گا، یہ امر جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی قبر پر جا کر یہ التجا کرنا جائز نہیں، اس واسطے کہ یہ کسی دلیل شرعی سے ثابت نہیں، علاوہ بریں یہ التجا اس بنا پر ہے کہ زندوں کی التجا مردے سنتے ہیں اور قبر میں ان کی التجا پر دعا کرتے ہیں اور ان کی دعا قبول ہوتی ہے، حالانکہ یہ باتیں کسی دلیل صحیح سے ثابت نہیں، پس یہ التجا کیونکر جائز ہو سکتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ سید محمد نذیر حسین

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02